ہفتہ 22 نومبر 2008ء

احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

روزنامہ
الفضل
ٹیلیفون نمبر 047-6213029 FD-10
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org
ہفتہ 22 نومبر 2008ء 23 ذیقعد 1429 ہجری 22 نبوت 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 268

ریاکاری کا بدانجام

حضرت جندبؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔
جو شخص محض شہرت کی خاطر کوئی کام کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو رسوا کر دے گا اور جو ریاکاری سے کام لے گا اللہ تعالیٰ اس کی ریاکاری سب پر ظاہر کر دے گا۔

(صحیح بخاری کتاب الرقاق باب الریاء والسمعة حدیث نمبر 6018)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

تذکرۃ الاولیاء میں ہے کہ ایک شخص چاہتا تھا کہ وہ لوگوں کی نظر میں بڑا قابل اعتماد بنے اور لوگ اسے نمازی اور روزہ دار اور بڑا باکباز کہیں اور اسی نیت سے وہ نماز لوگوں کے سامنے پڑھتا اور نیکی کے کام کرتا تھا۔ مگر وہ جس گلی میں جاتا اور جدھر اس کا گزر ہوتا تھا۔ لوگ اسے کہتے تھے کہ یہ دیکھو یہ شخص بڑا ریاکار ہے اور اپنے آپ کو لوگوں میں نیک مشہور کرنا چاہتا ہے۔ پھر آخر کار اس کے دل میں ایک دن خیال آیا کہ میں کیوں اپنی عاقبت کو برباد کرتا ہوں خدا جانے کس دن مر جاؤں گا کیوں اس لعنت کو اپنے لئے تیار کر رہا ہوں اس نے صاف دل ہو کر پورے صدق وصفا اور سچے دل سے توبہ کی اور اس وقت سے نیت کر لی کہ میں سارے نیک اعمال لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ کیا کروں گا اور کبھی کسی کے سامنے نہ کروں گا۔ چنانچہ اس نے ایسا کرنا شروع کر دیا اور یہ پاک تبدیلی اس کے دل میں بھر گئی۔ نہ صرف زبان تک ہی محدود رہی۔ پھر اس کے بعد لکھا ہے کہ اس نے اپنے آپ کو بظاہر ایسا بنا لیا کہ تارک صوم وصلوٰۃ ہے اور گندہ اور خراب آدمی ہے مگر اندرونی طور پر پوشیدہ اور نیک اعمال بجا لاتا تھا۔ پھر وہ جدھر جاتا اور جدھر اس کا گزر ہوتا تھا لوگ اور لڑکے اسے کہتے تھے کہ دیکھو یہ شخص بڑا نیک اور پارسا ہے۔ یہ خدا کا پیارا اور اس کا برگزیدہ ہے۔

غرض اس سے یہ ہے کہ قبولیت اصل میں آسمان سے نازل ہوتی ہے۔ اولیاء اور نیک لوگوں کا یہی حال ہوتا ہے کہ وہ اپنے اعمال کو پوشیدہ رکھا کرتے ہیں وہ اپنے صدق وصفا کو دوسروں پر ظاہر کرنا عیب جانتے ہیں۔ ہاں بعض ضروری امور کو جن کی اجازت شریعت نے دی ہے یا دوسروں کو تعلیم کے لئے اظہار بھی کیا کرتے تھے۔

نیکی جو صرف دکھانے کی غرض سے کی جاتی ہے وہ ایک لعنت ہوتی ہے۔ خدا تعالیٰ کے وجود کے ساتھ دوسروں کا وجود بالکل ہیچ جاننا چاہئے دوسروں کے وجود کو ایک مردہ کیڑا کی طرح خیال کرنا چاہئے کیونکہ وہ کچھ کسی کا بگاڑ نہیں سکتے اور نہ سنوار سکتے ہیں۔ نیکی کو نیک لوگ اگر ہزار پردوں کے اندر بھی کریں تو خدا تعالیٰ نے قسم کھائی ہوئی ہے کہ اسے ظاہر کر دے گا اور اسی طرح بدی کا حال ہے۔ بلکہ لکھا ہے کہ اگر کوئی عابد زاہد خدا تعالیٰ کی عبادت میں مشغول ہو اور اس صدق اور جوش کا جو اس کے دل میں ہے انتہا کے نقطہ تک اظہار کر رہا ہو اور اتفاقاً کنڈی لگانا بھول گیا ہو تو کوئی اجنبی باہر سے آ کر اس کا دروازہ کھول دے تو اس کی حالت بالکل وہی ہوتی ہے جو ایک زانی کی عین زنا کے وقت پکڑا جانے سے۔ کیونکہ اصل غرض تو دونو کی ایک ہی ہے یعنی اخفائے راز۔ اگرچہ رنگ الگ الگ ہیں۔ ایک نیکی کو اور دوسرا بدی کو پوشیدہ رکھنا چاہتا ہے۔ غرض خدا کے بندوں کی حالت تو اس نقطہ تک پہنچی ہوئی ہوتی ہے۔ نیک بھی چاہتے ہیں کہ ہماری نیکی پوشیدہ رہے اور بد بھی اپنی بدی کو پوشیدہ رکھنے کی دعا کرتا ہے مگر اس امر میں دونو نیک و بد کی دعا قبول نہیں ہوتی کیونکہ اللہ تعالیٰ نے تو قانون بنا رکھا ہے کہ واللہ مخرج .... (البقرہ:73)

(ملفوظات جلد سوم ص 186)

عشرہ وقف جدید

(28 نومبر تا 7 دسمبر 2008)

وقف جدید کے مالی سال کے اختتام کے پیش نظر وقف جدید انجمن احمدیہ کی طرف سے عشرہ وقف جدید منایا جا رہا ہے آپ سے درخواست ہے کہ

☆ عشرہ وقف جدید جمعۃ المبارک سے شروع ہو گا اس لئے 28 نومبر کا خطبہ جمعہ وقف جدید کے اغراض و مقاصد اور اہمیت پر دیئے جانے کی درخواست ہے۔

☆ خلفائے کرام سلسلہ عالیہ احمدیہ کے ارشادات کی روشنی میں احباب جماعت پر وقف جدید کی اہمیت پر واضح کریں۔

☆ یہ تسلی کر لیں کہ جماعت کے جملہ افراد بڑے اور بچے، مرد اور عورتیں تمام کے تمام مالی وسعت کے مطابق وقف جدید کی مالی قربانی میں شامل ہوں۔

☆ ایسے احباب جنہوں نے وقف جدید کے وعدے کئے تھے مگر ادائیگی نہیں فرما سکے ان کو ادائیگی کی تحریک کریں۔

☆ ایسے احباب جن کی طرف سے نہ وعدہ ہے اور نہ ادائیگی ہوئی ہے ان سے حسب استطاعت وصولی کی جائے۔

☆ وقف جدید کا ایک اہم کام علاقہ نگر پارکر میں تعلیم و تربیت اور خدمت خلق ہے۔ اس مد کا نام 'امداد مراکز نگر پارکر' ہے۔ احباب اس مد میں حسب توفیق ضرور شامل ہوں۔

☆ احباب کو تحریک کریں کہ وہ اپنے بزرگان اور مرحومین کی طرف سے وقف جدید میں حسب استطاعت ادائیگی فرمائیں۔

☆ وصول شدہ رقوم فوری بھجوانے کا انتظام فرمائیں۔

☆ احباب جماعت کو تحریک کریں کہ اپنے وعدے سے کچھ نہ کچھ زائد ادائیگی فرمائیں۔

☆ احباب جماعت کو دعا کی تحریک کریں کہ اللہ تعالیٰ وقف جدید کے جملہ مقاصد پورے فرمائے اور اپنے فضل خاص سے مالی سال کو برکتوں کے ساتھ اختتام پذیر فرمائے اور قربانی کرنے والوں کو غیر معمولی برکتوں سے نوازے۔ آمین

☆ عشرہ کے بعد اپنی مساعی کی رپورٹ ضرور بھجوائیں۔ (ناظم مال وقف جدید)

محترمہ صادقہ ظفر صاحبہ پرنسپل عائشہ اکیڈمی ربوہ

تقریب تقسیم اسناد عائشہ اکیڈمی ربوہ

نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ کے زیر انتظام مدرسۃ الحفظ طالبات وعائشہ دینیات کلاس کی پندرہویں سالانہ تقریب تقسیم اسناد وانعامات مورخہ 25/اکتوبر 2008ء کو صبح دس بجے انصار اللہ مرکزیہ کے بالائی ہال میں منعقد ہوئی تقریب کی مہمان خصوصی محترمہ امۃ النصیر نبیلہ صاحبہ بیگم محترم سید طاہر احمد صاحب تھیں۔

تلاوت قرآن کریم اور نظم کے بعد خاکسار نے رپورٹ پیش کی جس میں ادارہ کے دونوں حصوں مدرسۃ الحفظ و دینیات کلاس کا مختصر تعارف پیش کیا اور بتایا کہ مدرسۃ الحفظ میں اگرچہ 60 طالبات کی گنجائش ہے لیکن خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے بابرکت سال میں 12 زائد طالبات کو داخلہ دیا گیا اس طرح سے اس وقت موجودہ طالبات کی تعداد 81 ہے جن میں سے نو طالبات حفظ قرآن پاک مکمل کر کے دہرائی کر رہی ہیں۔ بیرون ربوہ سے داخلہ لینے والی طالبات کے والدین ذاتی رہائش کا انتظام کرتے ہیں۔ اس وقت ادارہ میں پندرہ طالبات بیرون از ربوہ ہیں جن میں سے گیارہ حفظ اور چار دینیات کلاس میں پڑھ رہی ہیں۔

حفظ قرآن کلاس

مدرسۃ الحفظ میں قرآن کریم حفظ کرنے کیلئے تین سال کا عرصہ مقرر ہے حفظ مکمل کر لینے کے بعد دہرائی کے لئے چھ ماہ کا عرصہ مقرر ہے جس میں 2 مرتبہ دہرائی کے بعد طالبات ادارہ کی سینئر ٹیچر کو ٹیسٹ دیتی ہیں جس کے بعد مدرسۃ الحفظ طلباء کے پرنسپل صاحب فائنل امتحان لیتے ہیں اس امتحان میں کامیابی پر طالبہ کو نظارت تعلیم کی طرف سے حافظہ کی سند دی جاتی ہے۔ اس سال اللہ تعالیٰ کے فضل سے 18 طالبات نے حفظ مکمل کر کے امتحان پاس کیا اور سند کی حقدار قرار پائیں اس طرح مدرسہ کے قیام سے لے کر اب تک 186 طالبات اس ادارہ سے حفظ قرآن کریم کی سعادت حاصل کر چکی ہیں۔

دینیات کلاس

دینیات کلاس کے نصاب کا دورانیہ 2 سال ہے جس میں نظارت تعلیم کی طرف سے مقرر کردہ نصاب پڑھایا جاتا ہے۔

اس نصاب میں ترجمۃ القرآن از تفسیر صغیر مکمل و مقررہ نصاب حفظ قرآن کریم و کتب احادیث، تاریخ اسلام، تاریخ احمدیت، کلام حضرت مسیح موعود و کتب خلفائے احمدیت اور علمائے سلسلہ نیز عربی گرائمر اور عربی بول چال شامل ہیں یہ نصاب 4 سمیسٹرز میں مکمل کروایا جاتا ہے ہر سمیسٹر کا الگ امتحان لیا جاتا ہے اور سند دی جاتی ہے۔

اس طرح ادارہ کے قیام سے اب تک 2 سالہ کورس مکمل کر کے کامیاب ہونے والی طالبات کی تعداد اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے 119 ہے۔ دینیات کلاس میں داخلہ کیلئے تعلیم کم از کم میٹرک ہے اور عمر کی کوئی حد مقرر نہیں ہے شادی شدہ خواتین بھی داخل ہو کر استفادہ کرتی ہیں۔

رپورٹ پیش کئے جانے کے بعد محترمہ مہمان خصوصی نے دونوں کلاسز کی طالبات میں اسناد تقسیم کیں اور بچیوں سے خطاب فرمایا آپ نے حفظ قرآن کریم کو دہراتے رہنے اور دینی علوم کے حصول کو جاری رکھنے کے متعلق نصائح فرمائیں۔

دعا کے بعد تمام حاضرات اور طالبات کو ریفریشمنٹ پیش کی گئی۔

حفظ قرآن مکمل کرنے والی طالبات

امسال مندرجہ ذیل طالبات نے حفظ قرآن کریم مکمل کر کے اسناد حاصل کیں۔

نام	ولدیت	مقام	عرصہ حفظ
حافظہ قرۃ العین	مکرم مسعود احمد پال صاحب	ربوہ	3 سال 15 دن
حافظہ امۃ السلام	مکرم عبدالرزاق بٹ صاحب	ربوہ	3 سال 2 ماہ 3 دن
حافظہ رخشندہ حنا	مکرم حافظ محمد ابراہیم صاحب	ربوہ	2 سال 9 ماہ 20 دن
حافظہ امۃ الناصر مناہل	مکرم خالد احمد صاحب	ربوہ	1 سال 5 ماہ 5 دن
حافظہ شازیہ اسلم	مکرم محمد اسلم صاحب	ربوہ	2 سال 9 ماہ 28 دن
حافظہ زیست مبشر	مکرم مبشر احمد صاحب	ربوہ	3 سال 1 ماہ 16 دن
حافظہ خولہ منصورہ	مکرم افتخار احمد شاہد گوندل صاحب	ربوہ	3 سال 1 دن
حافظہ نائلہ مبارک	مکرم مبارک احمد عابد صاحب	ربوہ	2 سال 11 ماہ 18 دن
حافظہ راحیلہ ناز	مکرم محمد اعظم صاحب	ربوہ	2 سال 11 ماہ 22 دن
حافظہ قرۃ العین توصیف	مکرم رانا توصیف احمد صاحب	ربوہ	2 سال 11 ماہ 28 دن
حافظہ تحریم خالد	مکرم خالد محمود صاحب	ربوہ	2 سال 10 ماہ 5 دن
حافظہ سجیلہ ارشد	مکرم ارشد محمود احمد صاحب	ربوہ	3 سال 2 دن
حافظہ ملیحہ قمر	مکرم محمد سلیم صاحب	ربوہ	3 سال 1 دن
حافظہ ثناء سعادت	مکرم سعادت احمد کھوکھر صاحب	ربوہ	2 سال 5 دن
حافظہ انعم صدیقہ	مکرم نصر اللہ بلوچ صاحب	ربوہ	3 سال 27 دن
حافظہ درعجم	مکرم نسیم احمد خان صاحب	ربوہ	2 سال 1 ماہ 3 دن
حافظہ غزالہ محمود	مکرم محمود احمد چوہدری صاحب	ربوہ	2 سال 1 ماہ 11 دن
حافظہ فارعہ نعیم	مکرم نعیم اللہ خان ملہی صاحب	ربوہ	2 سال 1 ماہ 20 دن

اعلان داخلہ

۞ دارالصناعۃ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ میں درج ذیل ٹریڈز میں داخلے جاری ہیں۔

مارننگ سیشن

1۔ آٹو مکینک 2۔ ریفریجریشن وایئر کنڈیشننگ
3۔ ووڈ ورک (کارپینٹر)

ایوننگ سیشن

1۔ آٹو الیکٹریشن 2۔ جنرل الیکٹریشن۔
3۔ پلمبنگ

☆ داخلہ فارم کے حصول و دیگر معلومات کے لئے دفتر دارالصناعۃ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ 27/52 دارالعلوم وسطی ربوہ فون نمبر 047-6002033 سے رابطہ کریں۔

☆ نشستوں کی تعداد محدود ہے۔

☆ بیرون ربوہ طلباء کے لئے ہوسٹل کا انتظام موجود ہے۔

☆ والدین سے گزارش ہے کہ اپنے بچوں کو ادارہ میں داخل کروائیں۔

☆ تمام طلباء جو ادارہ ہذا سے کورسز مکمل کر چکے ہیں ان کی اسناد آ چکی ہیں۔ لہٰذا ان سے درخواست ہے کہ اپنی اسناد دفتر ہذا سے حاصل کر لیں۔

(نگران دارالصناعۃ)

اعلان دارالقضاء

(مکرم رانا منیر احمد صاحب بابت ترکہ مکرم رانا عبدالسلام صاحب)

۞ مکرم رانا منیر احمد صاحب نے درخواست دی ہے کہ میرے والد محترم رانا عبدالسلام صاحب ولد رانا نعمت دین صاحب وفات پا چکے ہیں۔ ان کے نام دو قطعات منتقل کردہ ہیں۔ قطعہ نمبر 2/6 دارالعلوم غربی صادق برقبہ 10 مرلے اور قطعہ نمبر 9/18 محلّہ دارالیمن ربوہ میں 5 مرلہ الاٹ شدہ ہیں۔ یہ قطعات ہم ورثاء میں درج ذیل تفصیل کے مطابق منتقل کر دیئے جائیں۔ قطعہ نمبر 2/6 ہم دو بھائیوں کے نام اور قطعہ نمبر 9/18 ہماری دونوں بہنوں کے نام منتقل کر دیا جائے۔ جملہ ورثاء کو اعتراض نہ ہے۔

ورثاء کی تفصیل۔

1۔ مکرم رانا منیر احمد صاحب (بیٹا)
2۔ مکرم رانا سلطان محمود صاحب (بیٹا)
3۔ مکرمہ نسرین بیگم صاحبہ (بیٹی)
4۔ مکرمہ ارشاد بیگم صاحبہ (بیٹی)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کر کے ممنون فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

سانحہ ارتحال

۞ محترمہ جمیلہ رانا صاحبہ اہلیہ مکرم رانا مبارک احمد صاحب صدر حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور تحریر کرتی ہیں۔

میری خالہ زاد بہن محترمہ خورشید بیگم صاحبہ کے بیٹے مکرم مبشر احمد خان صاحب ابن مکرم مبارک احمد خان صاحب حلقہ گلشن عمار کراچی حال کوٹ ادو بعمر 58 سال مورخہ 3 نومبر 2008ء کو دل کا دورہ پڑنے سے ڈیوٹی پر ہی انتقال کر گئے۔ میت کو کراچی لایا گیا مورخہ 6 نومبر 2008ء کو مرحوم کی نماز جنازہ مکرم مقصود احمد منیر صاحب مربی سلسلہ نے پڑھائی۔ باغ احمد قبرستان کراچی میں تدفین کے بعد مکرم مرزا عطاء اللہ صاحب نے دعا کروائی آپ مکرم ڈاکٹر مطلوب احمد صاحب کے پوتے اور مکرم مرزا اسلام اللہ بیگ صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کے نواسے تھے۔ پسماندگان میں بیوہ محترمہ نصرت پروین صاحبہ اور دو بیٹے مکرم فراز خان صاحب مکرم بلال خان صاحب اور ایک بیٹی چھوڑی ہیں۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند کرے اور مغفرت کا سلوک فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق دے۔ آمین

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم کریم ظفر ملک صاحب

جان الیگزینڈر ڈوئی (24 مئی 1847 تا 9 مارچ 1907ء)

ڈاکٹر ڈوئی کے انجام کے متعلق اس کے ایک پیروکار کی گواہی

2007ء میں جان الیگزینڈر ڈوئی (John Alexander Dowie) کی موت کو ایک سوسال کا عرصہ بیت گیا ہے۔ اس کا یہ دعویٰ تھا کہ وہ نبی یحییٰ ہے اور اس نے دین حق پر بہت گندے حملے کیے اور پھر انہیں دنوں حضرت اقدس مسیح موعود کو اس کی ایک دو تحریریں ملیں جن سے حضور کو علم ہوا کہ ڈاکٹر ڈوئی دین حق پر بہت گندے حملے کر رہا ہے اور اپنے تئیں نبوت کا دعویٰ بھی کرتا ہے۔ اس پر اس کا رابطہ بذریعہ خطوط مشیت ایزدی کے تحت ہندوستان کے گمنام قصبے قادیان میں حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی سے ہوا۔

ان دنوں کے امریکہ کے اخبارات کی وجہ سے اس کی خط و کتابت قادیان سے اور پھر حضرت مسیح موعود سے جب دعاؤں میں جنگ کا اس نے اعلان کر دیا تو اس پر حضور نے اللہ تعالیٰ سے اطلاع پا کر یہ اعلان کر دیا اور چھپوا بھی دیا۔ جو کہ امریکہ کی اخباروں میں بھی چھپا کہ ڈاکٹر ڈوئی چونکہ جھوٹی نبوت کا دعویٰ دار ہے یہ حضور کی زندگی میں ہی ذلت کی موت مرے گا۔

ڈاکٹر ڈوئی کا مختصر تعارف یہ ہے کہ یہ ایک سکاٹ لینڈ کے چرچ کا پادری تھا اور 1896ء میں اس نے ایک شہر Zion کا جو کہ Illinois سٹیٹ میں ہے کا انکشاف کیا۔ یہ مذہبی شہر دراصل خاص طور پر اس نے اپنی Community کے نئے تہذیب یافتہ لوگوں اور اپنے خاص مریدوں کے لیے بسایا تھا اور یہیں اس نے دعویٰ کیا کہ وہ خدا تعالیٰ کا بھیجا ہوا نبی ہے۔ آغاز میں اس کے مرید کافی بڑھنے لگے اور بہت سے لوگوں نے اس کے عقیدے کو قبول کر لیا۔ زیادہ تر اس کے مرید عیسائی ہی تھے۔

اس کے اشاعتی ادارے نے یہ بھی چھپوا دیا کہ ڈاکٹر ڈوئی خدا کا نبی ہے اور اس کا نام یحییٰ نبی ہے اور یہ بات Zion کی اخباروں میں بھی چھپ گئی۔ اس کے ساتھ ہی اس نے حضرت رسول پاک ﷺ پر بیشمار اعتراضات کا سلسلہ شروع کر دیا۔ اس طرح بہت جلد وہ اپنے علاقے کی ایک Celebrity بن کر ابھرا بلکہ یہاں تک کہ نہ صرف امریکن پریس نے اس کی پذیرائی کی بلکہ نارتھ لینڈ کے اخبارات کے ذریعہ بھی اس کا بہت چرچا ہوا۔ جب اس کا اس طرح چرچا قادیان میں حضرت مسیح موعود تک پہنچا تو حضرت اقدس نے مناسب خیال کیا کہ اسے جواب دیا جائے۔

چنانچہ ستمبر 1902ء میں حضرت اقدس نے اسے چیلنج کیا کہ ہم دونوں میں سے جو بھی اپنے دعویٰ نبوت میں جھوٹا ہے وہ دوسرے کی زندگی میں مرجائے گا۔ جس پر اس وقت ڈاکٹر ڈوئی نے کوئی جواب نہیں دیا۔ اس کے بعد اگست 1903ء میں حضور نے دوبارہ چیلنج بھجوایا اور اشتہار کی صورت میں چھپوا بھی دیا۔ جب ڈاکٹر ڈوئی کو اس کے مریدوں نے بار بار بتایا کہ ہندوستان کے شہر قادیان سے تمہارے لیے یہ چیلنج دوبارہ آیا ہے تو اس نے انتہائی تکبر کے ساتھ اپنے مریدوں کو مخاطب کر کے کہا ”کہ کیا تم سوچ سکتے ہو کہ میں مچھروں یا مکھیوں کو جواب دوں۔ میں تو صرف اگر اپنا پاؤں ان پر رکھ دوں تو یہ مر جائیں گے۔“

(27 ستمبر 1903ء)

لہٰذا اس کے بعد ڈاکٹر ڈوئی پر عذاب الٰہی لکھ دیا گیا۔ خدائی فیصلے انسانی طاقت سے کہیں زیادہ مضبوط ہوتے ہیں۔ اس وقت اگر وہ چیلنج قبول نہ بھی کرتا تو اللہ تعالیٰ کی غیرت جوش میں آ چکی تھی۔

حضرت اقدس نے تو یہ فرمایا تھا کہ اب صرف یہ دنیا ہی غیر طبعی موت کے ساتھ نہیں چھوڑے گا بلکہ انتہائی غم و رنج کے ساتھ میری زندگی میں ہی ذلیل و رسوا ہو کر مرے گا۔

تاریخ گواہ ہے کہ کس طرح حالات نے اچانک پلٹا کھایا اور یہ سب کچھ 1905ء سے لے کر 1907ء تک جس طرح اللہ تعالیٰ نے مقدر کر دیا تھا رونما ہو گیا! وہ اتنے شدید مالی مشکلات میں پھنس گیا تھا کہ دن بدن افلاس اور تنگدستی تیزی کے ساتھ اس کی طرف بھاگی آ رہی تھی۔ 1905ء میں اسے فالج کا پہلا حملہ ہوا۔ اس کی فیملی اور نہایت قریبی عزیز و اقارب کو معلوم ہوا کہ وہ تو اپنی زندگی میں بہت اخلاقی گراوٹ میں مبتلا رہا ہے حتی کہ اس کے اپنے مریدوں نے اس سے منہ موڑ لیا اور اس کے شہر ZOIN کا کنٹرول بھی اس سے لے لیا اور اس کو وہاں سے نکل جانے کا کہہ دیا۔ اور بعینہٖ حضرت مسیح موعود کی پیشگوئی کے مطابق وہ ایک شرمناک اور ذلت کی موت سے ہلاک ہوا۔ حضرت مسیح موعود نے اپنی کتاب حقیقۃ الوحی میں 30 ویں نمبر پر اس نشان کا ذکر فرمایا ہے۔ حضور فرماتے ہیں۔

"تیسواں نشان۔ ایک شخص ڈوئی نام امریکہ کا رہنے والا تھا اس نے پیغمبری کا دعویٰ کیا تھا۔ اور (-) سخت دشمن تھا اس کا خیال تھا کہ میں (-) بیخ کنی کروں گا۔ حضرت عیسیٰ کو خدا مانتا تھا۔ میں نے اس کی طرف لکھا تھا کہ میرے ساتھ مباہلہ کرے اور ساتھ اس کے یہ بھی لکھا کہ اگر وہ مباہلہ نہیں کرے گا تب بھی خدا اس کو تباہ کر دے گا۔ چنانچہ یہ پیشگوئی امریکہ کے کئی اخباروں میں شائع کی گئی اور اپنے انگریزی رسالہ میں بھی شائع کی گئی۔"

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 ص 226)

"میرے مباہلہ کا مضمون اس کے مقابل پر امریکہ کے بڑے بڑے نامی اخباروں نے جو روزانہ ہیں شائع کر دیا اور تمام امریکہ اور یورپ میں مشہور کر دیا۔ اور پھر اس عام اشاعت کے بعد جس ہلاکت اور تباہی کی اس کی نسبت پیشگوئی میں خبر دی گئی تھی وہ ایسی صفائی سے پوری ہوئی کہ جس سے بڑھ کر اکمل اور اتم طور پر ظہور میں آنا متصور نہیں ہو سکتا۔ اس کی زندگی کے ہر ایک پہلو پر آفت پڑی۔ اس کا خائن ہونا ثابت ہوا اور وہ شراب کو اپنی تعلیم میں حرام قرار دیتا تھا۔ مگر اس کا شرابخور ہونا ثابت ہو گیا۔ اور وہ اس اپنے آباد کردہ شہر صیحون سے بڑی حسرت کے ساتھ نکالا گیا جس کو اس نے کئی لاکھ روپیہ خرچ کر کے آباد کیا تھا اور نیز سات کروڑ نقد روپیہ سے جو اس کے قبضہ میں تھا اس کو جواب دیا گیا۔ اور اس کی بیوی اور اس کا بیٹا اس کے دشمن ہو گئے اور اس کے باپ نے اشتہار دیا کہ وہ ولدالزنا ہے۔ پس اس طرح پر وہ قوم میں ولدالزنا ثابت ہوا۔ اور یہ دعویٰ کہ میں بیماروں کو معجزہ سے اچھا کرتا ہوں۔ یہ تمام لاف و گزاف اس کی محض جھوٹی ثابت ہوئی اور ہر ایک ذلت اس کو نصیب ہوئی۔ اور آخر کار اس پر فالج گرا اور ایک تختہ کی طرح چند آدمی اس کو اٹھا کر لے جاتے رہے اور پھر بہت غموں کے باعث پاگل ہو گیا اور حواس بجا نہ رہے اور یہ دعویٰ اس کا کہ میری ابھی بڑی عمر ہے اور میں روز بروز جوان ہوتا ہوں اور لوگ بڈھے ہوتے جاتے ہیں محض فریب ثابت ہوا۔ آخر کار مارچ 1907ء کے پہلے ہفتہ میں ہی بڑی حسرت اور درد اور دکھ کے ساتھ مر گیا۔"

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 ص 512)

خاکسار یہاں یہ مناسب سمجھتا ہے کہ ایک ایمان افروز واقعہ بھی تحریر کر دے تا ہماری آنے والی نسل کے لئے ازدیاد ایمان کا موجب بن سکے۔

حضرت صاحبزادہ مرزا مظفر احمد صاحب حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب کے سب سے بڑے فرزند واشنگٹن میں جب WORLD BANK میں اعلیٰ عہدے پر فائز تھے تو ایک دفعہ شکاگو تشریف لائے۔ خاکسار ان دنوں ILLINOIS سٹیٹ میں نیا نیا مقیم ہوا تھا اور بنک میں ملازمت کرتا تھا۔ ایک دن محترم ڈاکٹر صلاح الدین شمس صاحب مرحوم کا فون آیا کہ ایئر پورٹ جا کر حضرت میاں صاحب کو لے کر ZOIN لانا ہے اور lunch بھی وہیں تھا۔ چنانچہ خاکسار اور محترم ڈاکٹر صاحب مرحوم ایئر پورٹ سے حضرت میاں صاحب کو لے کر سیدھے ZOIN پہنچ گئے۔ اس کے بعد حضرت میاں صاحب کی خواہش کے مطابق محترم ڈاکٹر صاحب اور مولوی شکر الٰہی صاحب (جو ان دنوں اسی شہر میں مربی تھے) حضرت میاں صاحب کی معیت میں شہر گھومنے کے بعد ڈاکٹر صاحب ہمیں ایک بڑے Nursing Home میں لے گئے۔ غالباً ان دنوں ڈاکٹر صاحب سوشل ورک کے تحت ہفتے میں ایک دن چند گھنٹے بوڑھے اور ضعیف مریضوں کو بھی دیا کرتے تھے۔ چنانچہ وہ ہمیں ایک کمرے میں لے گئے جہاں غالبا 4 بوڑھے امریکن تھے یہ 1972ء کے آخر کی بات ہے۔ جب ڈاکٹر صاحب نے ایک شخص سے کہا کیا تمہیں ڈاکٹر ڈوئی کے بارے میں کچھ یاد ہے۔ تو اس نے برملا کہا کیوں نہیں میں خود اس کا پیروکار تھا اور ZOIN کا ہی رہنے والا ہوں۔ وہ ہمارا مذہبی رہنما تھا اور بہت اثر و رسوخ والا اور مال دار انسان تھا اور ہزاروں اس کے مرید تھے۔ اسی اثنا میں دوسرے بستر والا شخص بھی ہماری گفتگو میں شامل ہو چکا تھا۔ اتنا ذکر کرنے کے بعد وہ خاموش ہو گیا۔ پھر ڈاکٹر صاحب کے استفسار پر کہ آخر اس کا کیا ہوا؟ تو کہنے لگا کہ انڈیا کے کسی قصبے میں ایک شخص کے ساتھ اس کی خط و کتابت شروع ہو گئی تھی۔ اس نے "مسیح" ہونے کا دعویٰ بھی کیا تھا۔ پھر کافی دیر ان میں خط و کتابت رہی اور اخبارات کی سرخیاں بھی بنتی رہیں۔ بالآخر ڈاکٹر ڈوئی بہت ہی بیچارگی اور رنج و غم کی حالت میں مر گیا۔

اس انگریز نے سوال کیا کہ ہم کیوں اس سے یہ پوچھ رہے ہیں اور کیا ہم اس انڈیا والے مہدی کے بارے میں کچھ جانتے ہیں۔ تو خاکسار نے برملا حضرت صاحبزادہ صاحب کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر عرض کیا کہ ہاں یہ بزرگ انسان انہی کا پوتا ہے جنہوں نے ڈاکٹر ڈوئی کے اس طرح ہلاک ہونے کی پیشگوئی فرمائی تھی۔ وہ امریکن تو جہاں حیران ہوا۔ مگر میری نظر جب حضرت میاں صاحب کے چہرے پر پڑی تو ان کا ایسا چہرہ خاکسار نے زندگی میں کبھی بھی نہیں دیکھا تھا۔ ایک نور کا پیکر انکساری سے آنکھیں جھکی ہوئیں اور یقیناً خدا تعالیٰ کے اس نشان سے انتہائی متاثر اور ان کا چہرہ خاکسار عرض کرتا ہے کہ اس طرح دکھائی دیا کہ خود چہرے کا نور حضرت اقدس کی سچائی کی گواہی دے رہا ہو۔

9 مارچ 2007ء کو ایک صدی اس کاذب اور جھوٹی نبوت کے دعویٰ دار کو مکمل ہو گئی ہے۔

اس کی موت سے چند روز قبل ہی اخبار "ہاربرز ویکلی" نے اس کی تصویر یوں بیان کی۔:

"قدرت نے اس سے اچانک ترقی کے پنڈولم کو واپس گھما دیا اور وہ اپنے آپ پر قدرت سے بھی محروم ہو چکا ہے وہ شخص جو اتنی بے باکی سے اپنے آپ کو ایلیا سوئم کہتا رہا اب بے بسی کے ساتھ اپنے بستر مرگ پر پڑا ہے اور اپنے آپ کو ہلا بھی نہیں سکتا اور اپنے نیگرو نوکروں کے مرہون منت ہے۔"

انسائیکلوپیڈیا برٹینکا کے 1951ء کے ایڈیشن

مکرم انجینئر محمود مجیب اصغر صاحب

انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف احمدی آرکیٹیکٹس اینڈ انجینئرز
کی پچیس سالہ تاریخ کا خاکہ

پس منظر

سیدنا حضرت مسیح موعود مرزا غلام احمد صاحب کی بعض بین پیشگوئیوں کے پیش نظر آپ کے تیسرے جانشین سیدنا حضرت مرزا ناصر احمد صاحب نے احمدیت کی دوسری صدی کو غلبہ حق کی صدی قرار دیا اور 1973ء کے جلسہ سالانہ پر اس عظیم صدی کی اہم ضروریات کو پورا کرنے کے لئے صد سالہ احمدیہ جوبلی منصوبہ جاری فرمایا اور 1979ء میں پہلے احمدی سائنسدان ڈاکٹر عبدالسلام کے نوبیل انعام حاصل کرنے کے موقع پر اس میں تعلیمی منصوبے کا اضافہ فرمایا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے تعلیمی منصوبے کا اعلان کرتے ہوئے فرمایا:۔

حضرت مسیح موعود کو اللہ تعالیٰ نے غلبہ (حق) کے متعلق جو پیش خبریاں دیں ان میں سے ایک یہ بھی ہے۔ آپ نے فرمایا ''خدا تعالیٰ نے مجھے بار بار خبر دی ہے...... کہ میرے فرقہ کے لوگ اس قدر علم اور معرفت میں کمال حاصل کریں گے کہ اپنی سچائی کے نور اور اپنے دلائل اور نشانوں کی رو سے سب کا منہ بند کر دیں گے''۔ (تجلیات الٰہیہ روحانی خزائن جلد 20)

''یہ عظیم الہام ہے۔ میرے دل میں یہ خواہش پیدا ہوئی کہ اگلے دس سال کے بعد آنے والے سو سال میں جس صدی کو میں غلبہ (دین) کی صدی کہتا ہوں ہمیں ایک ہزار سائنسدان اور محقق چاہئیں''۔

(الفضل 20 جنوری 1980ء)

آپ نے تعلیمی منصوبے کے بارے میں ایک اور موقع پر فرمایا:۔

''فی الاصل یہ ایک نہایت ہی اہم منصوبہ ہے اور اس میں درجہ بدرجہ ترقی کے کئی مراحل آئیں گے''۔

(خطاب 28 جون 1980ء بحوالہ دورہ مغرب 1400ھ)

ایسوسی ایشن کا قیام

اس پس منظر میں درجہ بدرجہ جیسا کہ فرمایا تھا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے طلباء اور مختلف Professionals کی ایسوسی ایشنز قائم فرمائیں۔

حضور نے 1980ء میں سپین کا دورہ فرمایا اور اس ملک میں سات سو سال بعد پہلی بیت الذکر کا سنگ بنیاد رکھا اور الحمراء جیسی عظیم الشان عمارتوں اور اس میں پانی کے نظام کا مشاہدہ کیا اور واپس آکر Engineering اور Architecture کی Fields میں جماعت کی بڑھتی ہوئی ضروریات اور عالمی سطح پر اس پیشہ سے تعلق رکھنے والے ذہین، محنتی، دیانتدار احمدیوں کو نمایاں مقام تک پہنچانے کے لئے انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف احمدی آرکیٹیکٹس اینڈ انجینئرز کا قیام فرمایا۔

اس مقصد کے لئے حضور نے ربوہ میں ایک تقریب کا اہتمام کیا جس میں 35 انجینئرز اور آرکیٹیکٹس کو شامل ہونے کی سعادت نصیب ہوئی۔

حضور نے 30/اکتوبر 1980ء کو ان سے خطاب فرمایا اور اس پروفیشن سے تعلق رکھنے والوں کی راہنمائی کے لئے بعض بنیادی باتیں بیان فرمائیں۔ حضور کے اپنے الفاظ میں اس خطاب کے بعض اقتباسات پیش ہیں۔ فرمایا:۔

''اللہ تعالیٰ نے اس کائنات میں جو مختلف قوانین جاری کئے ہیں ان میں سے بعض کو لے کر کائنات کے بعض حصوں پر جب استعمال کیا جاتا ہے تو انجینئرنگ کی شکل نکل آتی ہے۔ انجینئرنگ میں بہت سی تو مادی اشیاء ہیں۔ بعض ایسی چیزیں ہیں جو مادی نہیں غیر مادی ہونے کے باوجود مادے پر اثر انداز ہیں۔ ان میں سے ایک زاویہ ہے۔ اس کا جو استعمال ہے اس میں دو چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے ایک مہارت اس کے ساتھ ہم بریکٹ کر دیتے ہیں تجربہ دوسرے دیانتداری سے قانون قدرت کا استعمال۔ دیانتداری سے خدا تعالیٰ کی عطا کا جو استعمال ہے وہ ان چیزوں پر بڑا زبردست اثر رکھتا ہے۔ دنیا کی بہترین بلڈنگ کا انجینئرنگ کے ساتھ جو تعلق ہے اس کی مثال غرناطہ میں الحمراء کی ہے جو ایک محل ہے اسے مسلمانوں نے بنایا۔

آپ نے پاکستان میں ٹھٹھہ کی مسجد میں Acoustic (آواز) کے نظام کی مثال دی اور بعض مغلوں کے زمانے کی تعمیرات کا بھی ذکر کیا جیسے تاج محل آگرہ وغیرہ۔ آپ نے نصیحت کرتے ہوئے فرمایا:۔

''پیسے کی لالچ بددیانتی ہے۔ محنت نہ کرنا بددیانتی ہے۔ بے پرواہی برتنا بددیانتی ہے۔ ایک احمدی انجینئر کو تو ایسا نہیں ہونا چاہئے۔ (آپ نے اپنے خطاب کے آخر میں فرمایا) خلاصہ اس کا یہ ہے کہ ایک احمدی اور غیر احمدی میں ما بہ الامتیاز فرقان ہونا چاہئے اور فرقان کی نمایاں چیز جو دوسرے کو نظر آئے ایک تو ہر قسم کی دیانت کا ہونا۔ پیسے کے لحاظ سے، محنت کے لحاظ سے، محبت کے لحاظ سے۔ اپنے فن سے بھی پیار ہونا چاہئے اور یہ Urge ہونی چاہئے کہ میں نے کوئی چیز پیدا کرنی ہے۔ کسی سے پیچھے نہیں رہنا کوئی دھبہ آپ کے چہرے پر نہ ہو۔ ہر کام جو کرنا ہے وہ ایسا کرنا ہے۔ عمارت دیکھ کے دنیا سمجھ جائے کہ کسی احمدی انجینئر کی بنی ہوئی ہے۔ خدا تعالیٰ نے آپ کا ایک رعب قائم کیا ہے اپنے ہاتھ سے تو اس کو خراب نہ کریں۔ اگر تم سے کوئی غلطی ہو تو غلطی آپ کی نہیں جماعت بدنام ہوتی ہے۔ میرے پاس خط آجاتے ہیں۔ ہم میں ہر شخص انجینئر ڈاکٹر اور جو دوسرے Profession والے ہیں وہ اپنے اندر امتیاز پیدا کریں کہ اس کے پروفیشن میں اس سے زیادہ اچھا کام کرنے والا نہیں زیادہ Result Produce کرنے والا کوئی نہیں۔ تب ہی وہ آپ کی طرف توجہ کریں گے''۔

(سالانہ ٹیکنیکل میگزین 07-2006ء ص 12)

ایسوسی ایشن کا تنظیمی ڈھانچہ

اس معرکۃ الآراء خطاب کے بعد جس کا اردو متن اور انگریزی ترجمہ ٹیکنیکل میگزین 99-1998ء اور 03-2002ء میں علی الترتیب چھپ چکا ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے IAAAE کے انتظامی ڈھانچہ قائم کرنے کی ذمہ داری حضرت مرزا طاہر احمد صاحب پر لگائی جو اس وقت صدر مجلس انصار اللہ مرکزیہ بھی تھے جیسا کہ آپ نے اپنی خلافت کے دوران ایک خطاب میں اس امر کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:۔

''حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے اس ایسوسی ایشن کے آغاز ہی سے اس کے کاموں سے میرا تعلق پیدا کروا دیا تھا اور اس کو منظم کرنے کی ذمہ داری بھی مجھ پر ڈال دی تھی اس کے بعد جب یہ سوال پیش ہوا کہ اس کا سرپرست کون ہوگا تو حضور نے میرا ہی نام بطور سرپرست منظور فرمایا''۔

(خطاب 14/اکتوبر 1982ء)

چنانچہ اس ایسوسی ایشن کا بنیادی ڈھانچہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے قبل از خلافت قائم فرمایا۔ آپ جب خلافت کے اعلیٰ منصب پر فائز ہوئے تو آپ نے اپنی جگہ صدر مجلس انصار اللہ مرکزیہ کو IAAAE کا سرپرست مقرر فرمایا۔ چنانچہ 1982ء سے 1999ء تک محترم چوہدری حمید اللہ صاحب اور 2000ء سے 2003ء تک محترم مرزا خورشید احمد صاحب IAAAE کے Patron یعنی سرپرست رہ چکے ہیں اور 2004ء سے محترم مرزا غلام احمد صاحب صدر مجلس انصار اللہ پاکستان اس کے سرپرست ہیں۔

جہاں تک IAAAE کے نام کا تعلق ہے اس بارے میں بعض لوگوں کی طرف سے یہ تجویز بھجوائی گئی کہ انجینئرز کی ایسوسی ایشن الگ ہو اور آرکیٹیکٹس کی الگ لیکن حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے اس تجویز کو نامنظور کیا اور آرکیٹیکٹس اور انجینئرز کو ایک ہی تنظیم میں رکھنا پسند فرمایا۔

آرکیٹیکٹ چوہدری عبدالرشید صاحب کے ایک مضمون کے مطابق جو الفضل میں چھپ چکا ہے ایسوسی ایشن کا نام International Association of Ahmadi Architects & Engineers انہوں نے تجویز کیا تھا جس کی منظوری حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے عطا فرمائی تھی ان کے مطابق اس سے پہلے Architects کی ایسوسی ایشن قائم ہو چکی تھی۔ بہرحال IAAAE کا باقاعدہ موجودہ شکل میں آغاز 30/اکتوبر 1980ء کو ہوا۔

حضرت مرزا طاہر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الرابع کی قبل از خلافت سرپرستی میں جن 35 انجینئرز کو آرکیٹیکٹس نے پہلے کنونشن میں 30/اکتوبر 1980ء کو شرکت کی تھی ان میں سے مندرجہ ذیل بارہ افراد کی Convening Committee بنائی گئی۔

1۔ انجینئر افتخار علی قریشی
2۔ آرکیٹیکٹ چوہدری عبدالرشید
3۔ انجینئر عطاء الرحمٰن
4۔ انجینئر حمید احمد ظفر
5۔ انجینئر مرزا مقصود احمد
6۔ انجینئر محمد سعید احمد
7۔ انجینئر محمد خلیق عالم
8۔ انجینئر خالد سیف اللہ
9۔ انجینئر چوہدری محمد عبدالسمیع
10۔ انجینئر منیر احمد فرخ
11۔ انجینئر عبدالحمید خان
12۔ انجینئر محمد اکرم

اس کمیٹی نے پہلی مجلس عاملہ تجویز کی جن کے نام حضرت مرزا طاہر احمد صاحب کی وساطت سے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی خدمت میں پیش ہوئے اور حضور نے ان کی منظوری عطا فرمائی۔ یہ نامزد مجلس عاملہ ایک سال کے لئے مقرر ہوئی۔ ان عہدیداران کے نام یہ ہیں:۔

1۔ انجینئر افتخار علی قریشی۔ چیئرمین
2۔ انجینئر فیض الرحمٰن خان۔ وائس چیئرمین
3۔ آرکیٹیکٹ چوہدری عبدالرشید۔ وائس چیئرمین
4۔ انجینئر چوہدری محمد عبدالسمیع۔ جنرل سیکرٹری
5۔ انجینئر چوہدری عطاء الرحمٰن۔ جوائنٹ سیکرٹری
6۔ انجینئر محمود مجیب اصغر۔ فنانس سیکرٹری
7۔ انجینئر نعیم احمد خان۔ آڈیٹر
8۔ آرکیٹیکٹ ڈاکٹر رفیق احمد ملک۔ ممبر (آرکیٹیکٹ)
9۔ انجینئر مرزا مقصود احمد۔ ممبر (سول)
10۔ انجینئر حمید احمد ظفر۔ ممبر (الیکٹریکل)
11۔ انجینئر محمود احمد شمس۔ ممبر (مکینیکل)
12۔ انجینئر جلال الدین صادق۔ ممبر (متفرق)
13۔ ڈپلومہ انجینئر چوہدری عبدالغفور۔ ممبر (ڈپلومہ انجینئر)
14۔ ڈپلومہ انجینئر محمد عثمان خان۔ ممبر (ڈپلومہ انجینئر)
15۔ ڈپلومہ آرکیٹیکٹ محمد خالد ورک۔ ممبر (ڈپلومہ آرکیٹیکٹ)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی خدمت میں ایک یہ تجویز بھجوائی گئی کہ Chairman کا عہدہ ایک ٹرم کے لئے انجینئرز کے پاس ہو اور اگلی ٹرم کے لئے

آرکیٹیکٹس کے پاس لیکن حضور نے اس تجویز کو ناپسند فرمایا اور شروع سے Chairman کے لئے ہر دفعہ انجینئر محترم قریشی افتخار علی صاحب کا ہی نام بالاتفاق یا کثرت رائے سے پیش ہوتا رہا اور خلیفہ وقت کی طرف سے اس کی منظوری مسلسل ملتی چلی آرہی ہے اللہ تعالیٰ قریشی افتخار علی صاحب کو یہ امتیاز مبارک کرے اور ان کی صحت اور عمر میں برکت دے۔ (آمین)

1981ء کے جلسہ سالانہ پر خلافت لائبریری ربوہ میں 27 دسمبر کو جنرل باڈی میٹنگ میں حضرت مرزا طاہر احمد صاحب کی زیر صدارت مجلس عاملہ کا انتخاب ہوا اور حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے اس کی منظوری عطا فرمائی 1981ء سے ہر تین سال بعد باقاعدہ انتخاب ہوتا ہے جس کی خلیفہ وقت تین سالوں کے لئے منظوری عطا فرماتے ہیں۔

ایسوسی ایشن کے اغراض ومقاصد

Convening Committee جس کا ذکر ہوا ہے اس کے ذمے ایک یہ کام لگایا گیا ہے کہ وہ خلیفہ وقت کی Guide Lines کی روشنی میں IAAAE کے لئے ایک لائحہ عمل تجویز کرے یعنی Constitution تشکیل دے چنانچہ مجوزہ لائحہ عمل تشکیل دے کر Patron صاحب کے ذریعے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی خدمت میں پیش کیا گیا اور حضور اپنی زندگی میں ہی اس کی منظوری فرما گئے۔

اس لائحہ عمل میں IAAAE کے لئے بعض اغراض و مقاصد متعین کئے گئے جس کے لئے میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے 1982ء کے ایک خطاب کا اقتباس پیش کرنا چاہتا ہوں جو حضور نے IAAAE کی تیسری کنونشن کے موقع پر 14 اکتوبر 1982ء کو ارشاد فرمایا:۔

"احمدیت کی ایک علمی شاخ کا آپ سرمایہ ہیں آپ کا ذہن اگر زیادہ بیدار اور متحرک ہوگا اور ایسی خدمت سرانجام دینے کی کوشش کرے گا جو فن کی بھی خدمت ہو اور دین کی بھی خدمت ہو اور بحیثیت جماعت بھی کارآمد ثابت ہو تو زندگی کا ایک بہت بڑا مقصد آپ کو حاصل ہو جائے گا۔ ہمارے انجینئرز اور آرکیٹیکٹس میں جذبہ خلوص تو ماشاء اللہ پہلے بھی تھا لیکن کوئی ایسی تنظیم نہیں تھی جس کی بدولت وہ اپنے فن کو دین کی خدمت میں پیش کر سکتے۔ چنانچہ اس تنظیم کی وساطت سے اب آپ کو یہ موقع ملا کہ جماعت میں جو کام بھی آپ کے فن سے تعلق رکھنے والے پیش آئے ان میں آپ نے خدا تعالیٰ کے فضل کے ساتھ بہت ہی پُرخلوص حصہ لیا اور جس کی استعداد میں جو کچھ بھی تھا وہ اس نے بڑی خوشی اور بشاشت کے ساتھ پیش کیا اور جماعت کا یہ احسان سمجھا کہ اس نے خدمت کو قبول کیا۔ کچھ اور پہلو ہیں جن میں سے ایک چیز انفرادی کوشش ہے یعنی اس بات کی کوشش کہ میں اپنے فن کو چمکاؤں گا اور اپنے دوسرے ساتھیوں سے آگے نکلنے کی کوشش کروں گا ایک مقصد یہ بھی تھا جس کو بار بار اجلاسوں میں پیش کیا جاتا رہا۔ یعنی جدوجہد اس رنگ میں ہو کہ اپنے فن میں دوسرے ہم عصر ساتھیوں سے آگے بڑھنے کی کوشش کی جائے۔ یہ وہ چیز ہے جو ہماری جماعت کا امتیازی نشان ہونا چاہئے اور اس طرف میں خود بھی جہاں تک میرا بس چلا بار بار توجہ دلاتا رہا اور حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے اپنے خطابات میں بھی احمدی انجینئروں سے جو توقع ظاہر کی وہ اسی نوعیت کی تھی۔ غرض آپ احمدی Architects اور Engineers کا مقام تو بہت بلند ہے آپ تو آج اس سچائی کے نمائندے ہیں جو حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی سچائی ہے کسی عام سائنسدان کی نہیں اس سچائی کے نمائندہ ہیں جو حضرت مسیح موعود کی سچائی ہے اس لئے آپ کی جرأتیں مختلف اور بلند ہونا چاہئیں۔ آپ کے اندر دیانت کے معیار بلند ہونے چاہئے یہ چیزیں حاصل ہو جائیں تو آپ کو روشنی ملے گی اس روشنی میں اگر آپ آگے بڑھیں گے تو یہ ناممکن ہے کہ آپ کا ہم عصر آپ کا مقابلہ کر سکے کیونکہ وہ سچائی کی اس روشنی سے محروم ہے۔ جو آپ کو مل گئی ہے لیکن عجیب بدقسمتی ہے انفرادی دوڑ میں (دین) کی طرف منسوب ہونے والے سارے فرقے پیچھے رہ گئے ہیں ہم تھے جن پر (دین) کو امید تھی ایک عبدالسلام تو پیدا کیا لیکن ایک عبدالسلام سے تو بات نہیں بنتی جماعت احمدیہ کو ہر علم کے میدان میں سینکڑوں عبدالسلام پیدا کرنے پڑیں گے اس وقت دنیا نے علمی میدان میں (دین) کو دکھ پہنچا کر ہم پر جو مظالم ڈھائے ہیں اس کے انتقام کی کارروائی اس صورت میں ممکن ہے کہ ہم ایک باعزت قوم کی طرح علم کے ہر میدان میں آگے بڑھیں (دین) کی غیرت عملاً آج صرف جماعت احمدیہ کے ساتھ وابستہ ہے اگر آپ نے یہ داغ نہ دھوئے تو اور کوئی نہیں دھوئے گا۔ زندگی وقت کے اہم مصرف کا نام ہے جب یہ زندگی میسر آجائے تو انسان ہر طرف سے اللہ تعالیٰ کے فضلوں کا وارث بن جاتا ہے اور خود لطف اٹھاتا ہے۔ چنانچہ نیوٹن کے نوکر نے نیوٹن کے متعلق بیان کیا کہ اس نے نیوٹن کو کبھی سوتے ہوئے نہیں دیکھا۔ کام اپنی ذات میں ایک لذت ہے اگر مقصد کے تابع ہو جائے اس لئے اپنے مقصد بلند رکھیں اپنی ہمتوں کو بلند رکھیں۔ انفرادی طور پر بھی Productive ہوں اور مضامین کے سلسلے میں بھی سرگرم ہوں۔ پس آپ اپنے فن سے اپنے آپ کو باتعلق رکھیں اس کے بہت سے ذرائع ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ پرانے اور نئے سائنسدانوں کی زندگی کے حالات پڑھیں اس کے علاوہ آجکل دنیا میں نئی نئی ایجادات ہو رہی ہیں ان پر پیپر پڑھیں آپس میں تبادلہ خیال کریں اللہ تعالیٰ آپ کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

ہیڈ کوارٹر، لوکل اور ریجنل چیپٹرز

IAAAE کا ہیڈ کوارٹر ربوہ ہے جہاں مرکزی عاملہ کے ہر تین ماہ بعد اور سال میں ایک بار جنرل باڈی میٹنگ اور کنونشن کا اہتمام کیا جاتا ہے۔

پاکستان میں ربوہ، لاہور، اسلام آباد، راولپنڈی، واہ کینٹ، ٹیکسلا، پشاور، کراچی، کوئٹہ، حیدرآباد، کوٹ ادو، مظفرگڑھ، بہاولپور، ملتان، ڈیرہ غازی خان، فیصل آباد اور سرگودھا میں لوکل Chapters قائم ہوئے تھے جن میں سے ڈیرہ غازی خان کا Chapter عملاً بند پڑا ہوا ہے لوکل Chapter میں صدر اور مرکز کی طرز پر عاملہ کا تین سال کے لئے انتخاب ہوتا ہے اور ہیڈ کوارٹر سے منظوری دی جاتی ہے۔

پاکستان سے باہر Regional Chapters قائم ہیں جن کے سربراہ Regional Chairman کہلاتے ہیں اب تک جو ریجنل Chapters قائم ہوئے تھے ان کے نام یہ ہیں۔

انگلستان اور ڈنمارک (حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی 1984ء میں برطانیہ ہجرت کے بعد اب سارے یورپ کو ایک ہی ریجنل چیئرمین کے ساتھ جوڑ دیا گیا ہے) افریقہ میں نائیجیریا، انڈونیشیا، انڈیا، بنگلہ دیش، امریکہ، آسٹریلیا، کینیڈا، مسقط (یہ بند ہو گیا ہے)۔

IAAAE بلڈنگ

بہت شروع میں ہی محسوس کیا گیا کہ ایسوسی ایشن کی ہیڈ کوارٹر میں اپنی بلڈنگ ہو اس غرض کے لئے کئی مشورے کئے گئے۔ بالآخر 26 دسمبر 1982ء کی جنرل باڈی میٹنگ میں مشورہ تکمیل کو پہنچا اور حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے ارشاد پر صدر انجمن احمدیہ نے گولبازار کے عقب میں 1/4x30 33 فٹ کا ایک پلاٹ ایسوسی ایشن کے نام الاٹ کر دیا۔ الاٹمنٹ 22 مارچ 1984ء کو ہوئی۔ نقشہ آرکیٹیکٹ ڈاکٹر محمود حسین صاحب نے تجویز کیا اور ورکنگ ڈرائنگز آرکیٹیکٹ ملک شفیق احمد صاحب نے تیار کیں۔ کچھ Donations وصول ہو گئیں۔ تقریباً 50 ہزار روپے حضور نے صد سالہ جوبلی فنڈ سے دے کر دیا اور 70 ہزار روپے انصار اللہ مرکزیہ نے دیا۔ بلڈنگ تیار ہونے پر 23 مارچ 1988ء کو انجینئر قریشی افتخار علی صاحب چیئرمین نے اس کا اجتماعی دعا کے ساتھ افتتاح کیا۔ جن ابتدائی Donars نے اس نیک مقصد کے لئے عطایا دیئے ان کے ناموں کی فہرست عطیہ کی رقم کے ساتھ IAAAE کی انٹرنس کے فوراً بعد دیوار پر آویزاں ہے۔ اللہ ان سب کو جزائے خیر دے۔ (آمین)

ہیڈ کوارٹر IAAAE کی Refurnishment اور ترمیم کے لئے مختلف مراحل میں کام کا منصوبہ بن چکا ہے جو فنڈز کی فراہمی پر Implement ہو گا۔ انشاء اللہ۔

Furnishing & Fixtures کے لئے بجٹ میں رقم کئی سالوں سے آرہی ہے اور مختلف Chapters کو Allocations بھی ہو چکی ہیں لیکن بالآخر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ سے اس بلڈنگ میں ترمیم اور ایسوسی ایشن کے کام کو آگے بڑھانے کے لئے 5 لاکھ روپے کے عطیات اکٹھے کرنے کی منظوری لے لی گئی ہے جو کہ ریزرو فنڈ ہو گا۔

جنرل باڈی میٹنگز اور سالانہ کنونشن

اس کا آغاز 1980ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے 30 اکتوبر 1980ء کے خطابات کے ساتھ ہوا جس میں 35 افراد نے شرکت کی۔

1981ء کی جنرل باڈی میٹنگ جلسہ سالانہ ربوہ کے موقع پر حضرت مرزا طاہر احمد صاحب کے زیر صدارت ہوئی۔

1982ء اور 1983ء کی جنرل باڈی میٹنگز سے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے براہ راست خطاب فرمائے۔ 1984ء سے حضرت خلیفۃ المسیح کی ہجرت کے بعد جنرل باڈی میٹنگز Patron صاحب کی نگرانی میں باقاعدہ منعقد ہو رہی ہیں جو چند سالوں سے کنونشن کی شکل اختیار کر گئی ہیں۔ 1984ء سے 1999ء تک چوہدری حمید اللہ صاحب صدر مجلس انصار اللہ مرکزیہ 2000ء سے 2003ء تک مرزا خورشید احمد صاحب اور 2004ء سے مرزا غلام احمد صاحب بطور Patron کنونشن سے خطاب فرماتے رہے ہیں۔

کنونشن کے Convener کے فرائض عملاً انجینئر نوید اطہر شیخ صاحب ادا کر رہے ہیں اور چند سالوں سے صنعتی نمائش بھی لگائی جا رہی ہے۔ خدا کے فضل سے طلباء اور Young Engrs. & Archs. کی دلچسپی بڑھ رہی ہے اور اب چند سالوں سے کنونشن زیادہ بارونق ہوتی جا رہی ہے۔

صد سالہ جوبلی سووینئر اور ٹیکنیکل میگزین کا اجرا

صد سالہ احمدیہ جوبلی 1989ء کے موقع پر باقی تنظیموں کی طرح ہیڈ کوارٹر IAAAE نے بھی ایک خوبصورت Souvenir کی اشاعت کا اہتمام کیا جس کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے ازراہ شفقت خصوصی پیغام بھجوایا۔

صد سالہ احمدیہ جوبلی Souvenir کی اشاعت کے بعد مرکز سے سالانہ بنیادوں پر ٹیکنیکل میگزین شائع کرنے کا پروگرام بنایا گیا بعض سالوں میں بوجوہ ناغہ ہوا تاہم اللہ تعالیٰ کے فضل سے اب تک گیارہ ٹیکنیکل میگزین شائع ہو چکے ہیں:۔

ٹیکنیکل میگزین 98-1997ء میں انگریزی کے ساتھ اردو سیکشن کا اضافہ کیا گیا جو اب تک جاری ہے۔ یعنی میگزین کا اکثر حصہ انگریزی میں اور کچھ حصہ اردو میں ہوتا ہے۔ میگزین کی اشاعت پر کئی بار حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی طرف سے خوشنودی کے خط وصول ہوئے جن میں سے بعض کو اگلے سال کے میگزین میں شائع کیا گیا۔ خلافت خامسہ کے آغاز پر 2003ء میں ٹیکنیکل میگزین کا خصوصی نمبر شائع کیا گیا جو حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے مبارک نام کے ساتھ منسوب کیا گیا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اس مجلّہ کو بہت پسند فرمایا اور خاکسار کے نام دعائیہ چٹھی ارسال فرمائی جو ٹیکنیکل میگزین 05-2004ء میں چھپ چکی ہے۔

یہ امر قابل ذکر ہے کہ 2003ء کے خصوصی نمبر تک اشاعت کا کام انجینئر فرخ احمد کامران صاحب بڑی محنت سے کرتے رہے۔ مضامین اکٹھے کرنے کا کام خاکسار نے اپنے ذمہ لیا ہوا تھا جس میں بہت سارے دوستوں نے بڑی معاونت فرمائی اللہ تعالیٰ ٹیکنیکل میگزین کمیٹی کے جملہ افراد کو اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین

احباب دعا کریں کہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی خواہش کے مطابق ٹیکنیکل میگزین خوب سے خوب تر ہوکر مسلسل جاری رہے۔

یہ امر قابل ذکر ہے کہ مرکز کے علاوہ یورپین چیپٹر بھی گاہے بگاہے میگزین شائع کرتا رہا ہے اس کے علاوہ برطانیہ اور کینیڈا سے News Letters بھی شائع ہوتے رہتے ہیں۔ روزنامہ الفضل ربوہ اور بعض اوقات انٹرنیشنل الفضل لندن بھی IAAAE کے Technical Magazines پر تبصرے شائع کرتے ہیں اور دنیا بھر میں اس سے متعلق لوگوں کے لئے دعاؤں کا سلسلہ جاری رہتا ہے جو کہ بہت بڑا انعام ہے۔

یہ امر بھی قابل ذکر ہے اور ہماری تاریخ کا حصہ ہے کہ جلسہ سالانہ برطانیہ اور اسی طرح قادیان پر دنیا بھر سے آئے ہوئے انجینئرز اور آرکیٹیکٹس کا بعض سالوں میں Get-to-Gather ہوتا رہا ہے۔

چنانچہ 1992ء اور 1993ء کے قادیان کے جلسوں پر Chairman انجینئر قریشی افتخار علی اور خاکسار (جو اس وقت جنرل سیکرٹری تھا) نے اس کا اہتمام کیا 2003ء میں انجینئر شیخ حارث احمد صاحب نے Patron مرزا غلام احمد صاحب کی صدارت میں اجلاس کروایا۔

UK کے جلسہ پر محترم منیر احمد فرخ صاحب ہر سال ایسے Get-to-Gathers کا اہتمام کرواتے ہیں۔ 2000ء میں انہوں نے اس وقت کے Regional Chairman آرکیٹیکٹ چوہدری عبدالرشید صاحب کے ذریعے حضور کے ساتھ تمام انجینئرز اور آرکیٹیکٹس کا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے ساتھ گروپ فوٹو بھی ارینج کیا تھا۔

2003ء میں جرمنی کے جلسہ سالانہ پر انجینئر شیخ حارث احمد صاحب نے بھی ایسی تقریب کا اہتمام کیا اور جماعت کی بڑھتی ہوئی ضروریات اور ممکنہ خدمات کے بارہ میں مشورے ہوئے جیسا کہ آگے ذکر آئے گا۔ UK اور Canada میں گزشتہ سال اور اس سال اس سلسلہ میں کافی پیش رفت ہوئی۔

خلافت خامسہ میں ایسوسی ایشن کی خصوصی ذمہ داریاں

خداتعالیٰ کی مشیت کے تحت سیدنا حضرت مرزا طاہر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الرابع کی وفات کے بعد 22/اپریل 2003ء کو خلافت خامسہ کا آغاز ہوا اور الٰہی تقدیر کے مطابق حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خلافت کے اعلیٰ روحانی منصب پر فائز ہوئے۔ حضور کی توجہ اور ذاتی دلچسپی کے نتیجہ میں یورپین چیپٹر کو بعض خصوصی ذمہ داریاں تفویض ہوئی ہیں اور ان ملکوں میں مقیم احمدی انجینئرز اور آرکیٹیکٹس کو خدمت کی توفیق مل رہی ہے۔

اولاً اس امر کا ذکر کرنا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ حضور کے ارشاد پر 2003ء کے جلسہ سالانہ برطانیہ پر یورپین چیپٹر کے چیئرمین کا انتخاب مکرم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ تحریک جدید نے کروایا اور کثرت رائے سے مکرم انجینئر اکرم احمدی صاحب یورپین چیپٹر کے چیئرمین منتخب ہوئے اور حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے منظوری عطا فرمائی۔

2004ء کے جلسہ سالانہ پر حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت مرکزی اور یورپین چیپٹر کی عاملہ کے موجودہ افراد کو شرف ملاقات اور اپنے ساتھ تصویر اتروانے کی اجازت دی جو 05-2004ء کے میگزین میں شائع ہوچکی ہے۔ حضور کے افریقی ممالک کے دوروں کے بعد برطانیہ واپسی پر IAAAE نے ایک سمپوزیم کا اہتمام کیا جو 9 مئی 2004ء کو بیت الفتوح لندن میں منعقد ہوا۔ حضور نے بنفس نفیس اس میں شرکت فرمائی اور افریقی ممالک میں پانی اور بجلی اور سستے مکانوں کی سہولت کے لئے انجینئرز کو وقف عارضی کرکے ان ممالک میں جا کر جائزہ لینے اور ممکنہ حل پیش کرنے کی تحریک فرمائی۔

چنانچہ حضور کے اس ارشاد پر لبیک کہتے ہوئے یورپین چیپٹر نے چند Volunteer انجینئرز کی ٹیمیں ان ملکوں میں روانہ کیں۔ جنہوں نے ان پراجیکٹس پر ابتدائی کام شروع کردیا ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جلسہ سالانہ برطانیہ پر اپنے خطاب 30 جولائی 2005ء میں یورپین چیپٹر کی ان خدمات کا تذکرہ فرمایا اور قدر کی نگاہ سے دیکھا۔

اس کے علاوہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جلسہ سالانہ کینیڈا 2005ء کے موقع پر 27 جون 2005ء کو انجینئر ملک لال خان صاحب چیئرمین Canadian Chapter کی سربراہی میں 48 ممبران کو شرف ملاقات بخشا اور انہیں براہ راست جماعتی ضرورتوں سے آگاہ کیا۔

حضور انور نے انہیں بھی مغربی افریقہ کے پراجیکٹس کے لئے اپنی خدمات پیش کرنے کی تحریک فرمائی کہ وہ یورپین چیپٹر کے چیئرمین صاحب کو اپنے نام بھجوائیں۔ حضور نے خواہش فرمائی کہ پانچ ممبران کی ٹیم کو غانا، برکینا فاسو، گیمبیا، بینن اور نائیجیریا کا دورہ کرکے ان کے Building Construction کے مسائل دریافت کرنے چاہئیں اور اسی طرح پینے کے پانی اور بجلی کی فراہمی کے لئے کام کرنا چاہئے۔

حضور نے فرمایا کہ دو یا تین ممبران کی ٹیم مشرقی افریقہ کے ممالک کینیا، یوگنڈا اور تنزانیہ کا دورہ کریں۔ حضور نے Canadian Chapter کے ممبران کو اپنے ساتھ گروپ فوٹو بنوانے کی بھی سعادت عطا فرمائی۔

خدا کے فضل سے IAAAE کی قیام کو 28 سال ہوگئے ہیں۔ 28 سال کی تاریخ اس مختصر سے وقت میں بیان کرنا ناممکن امر ہے۔ تاہم خاکسار نے اپنے ذوق اور محدود استعدادوں کے مطابق IAAAE کی تاریخ کی ایک جھلک پیش کی ہے خدا کرے کہ ہم دنیا بھر کے احمدی Architects اور Engineers کو ایک پلیٹ فارم پر لانے میں کامیاب ہو جائیں اور اللہ تعالیٰ ہمیں جماعت احمدیہ کے لئے مفید اور کارآمد وجود بنائے اور اس پروفیشن سے منسلک تمام احمدی اور بالخصوص نئی نسلیں عالمی سطح پر اپنا سکہ منوانے میں کامیاب ہوجائیں اور اللہ تعالیٰ ہمیں خلیفہ وقت کی توقعات کو پورا کرنے والا اور حضور کی خوشنودی حاصل کرنے والا بنائے اور حضرت مسیح موعود کی اس پیشگوئی کا مصداق بنائے کہ

"میرے فرقہ کے لوگ اس قدر علم اور معرفت میں کمال حاصل کریں گے کہ اپنی سچائی کے نور اور اپنے دلائل اور نشانوں کی رو سے سب کا منہ بند کردیں گے"۔

بقیہ صفحہ 3

نے ڈوئی کا ذکر ان الفاظ میں کیا ہے۔

